کہانی کے ساتھ استعمال کرنے والے آئیڈیاز



یاد رکھیں جب بھی اپنے بچوں کے ساتھ ہوں:

اپنے **بچے کی دماغی سطح** پر آئیناسے

سنیں

آنکھوں **سے آنکھیں ملائیں**

کھیل کے دوران آوازوں کی نقل کریں پڑھنے کے لیے گھر کا کوئی **خاموش** حصہ تلاش کریں!

اسے پُرلطف اور مزے سے بھرپور بنانے کے لیے اپنی **آواز** اور **چہرے** کو استعمال کریں!

وہ چیزیں جو آپ کی مدد کریں گی:

بہت چھوٹے بچوں کے ساتھ آپ کو کہانی کے ہر لفظ کو پڑھنے کی ضرورت نہیں ہوتی، آپ محض تصاویر کے متعلق بات کر سکتے ہیں۔

بہت زیادہ سوالات پوچھنے کی کوشش نہ کریں—بس اشارہ کریں اور نام بتائیں۔ اشارہ کرنے اور یہ کہنے کی کوشش کریں "یہ ایک..." ایک چھوٹا سا وقفہ لیں، اگر آپ کا بچہ اس دوران اسے نہیں بتا پاتا، تو پھر آپ بتائیں۔

اپنے بچے کی بہت زیادہ تعریف اور حوصلہ افزائی کریں اور وہ جو بھی کہہ رہے ہوں اس میں الفاظ شامل کریں۔ مثال کے طور پر اگر آپ کا بچہ کہتا ہے "ایپ۔" تو آپ کہیں "ہاں! ایک بڑا ایپل (سیب)!"

ایسے بچے جو کچھ بڑے ہوتے ہیں ان کے ساتھ، اپنے بچے کی بعد میں کتاب کے متعلق بات کرنے کے لیے نرمی سے حوصلہ افزائی کریں، دیکھیں کہ وہ کیا یاد رکھ سکتے ہیں۔

پڑھیں اور جانیں *The Very Hungry Caterpillar*:

https://literacytrust.org.uk/family-zone/birth-4/read-and-explore-very-hungry-caterpillar/

National Literacy Trust
Changing life stories

CITY OF WOLVERHAMPTON COUNCIL · Dudley Metropolitan Borough Council · Walsall Council · Sandwell Metropolitan Borough Council

Black Country Healthcare NHS Foundation Trust · The Royal Wolverhampton NHS Trust · Sandwell and West Birmingham NHS Trust · Walsall Healthcare NHS Trust

قومی خواندگی ٹرسٹ (National Literacy Trust) کے ساتھ ڈیزائن کردہ تصور پر مبنی۔ قومی خواندگی ٹرسٹ ایک رجسٹر چیرٹی ہے جس کا نمبر 1116260 (برطانیہ اور ویلز) (England and Wales) اور SC042944 (اسکاٹ لینڈ) (Scotland) ہے۔



ڈرائنگ اور رنگ بھرنا

اپنے بچے کے ساتھ ڈرائنگ اور رنگ بھرنے کا استعمال کریں۔ آپ اپنے بچے کو رنگ بھرنے کے لیے خاکہ بنا کر دے سکتے ہیں، یا ان کے ساتھ مل کر کتاب میں دی گئی چیزوں میں سے کچھ کی خاکہ نگاری کی کوشش کریں: کتاب میں سے کیٹرپلرز، تتلیاں اور اشیاء خوردونوش (سیب، ناشپاتی، خوبانی، اسٹرابیری، کینو، کیک، آئس کریم وغیرہ)۔

آغاز کر رہے ہیں؟

- اسٹیشنری کو ترتیب دیں اور سرگرمی کے متعلق اپنے بچے سے بات کریں
- اپنے بچے کی خاکہ نگاری کرنے یا رنگ بھرنے میں حوصلہ افزائی کریں
- اپنے بچے کی کوششوں کی تعریف کریں

مجھے کس چیز کی ضرورت ہے؟

- کوئی چیز جس سے خاکہ نگاری کی جائے (پنسلیں، کریونز، چاک)
- کوئی چیز جس پر خاکہ نگاری کی جائے (کاغذ، وال پیپر کا رول، باغیچے میں موجود سلیں)
- کوئی چیز جس سے رنگ بھرا جائے (پنسل کریونز، فیلٹس، پینٹس، چاکس)

الفاظ کے ساتھ بہت سارا لطف اٹھانے کو یاد رکھیں! آپ خاکہ نگاری کرتے یا رنگ بھرتے ہوئے اپنے بچے کی یاداشت میں نئے الفاظ شامل کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر: انڈا (egg)، کیٹرپلر، کوکون/کرسلس، تتلی (butterfly)، ہیئت کی تبدیلی (metamorphosis)، لائف سائیکل، رنگین (colourful)، تبدیلی (change)۔

اس بارے میں بات کریں کہ آپ یا آپ کا بچہ کیا کر رہے ہیں، جیسے کہ آپ - تقریباً تبصرہ نگار کی طرح ایسا کر رہے ہوں! آسان جملوں میں بات کریں اور جواب دینے کے لیے اپنے بچے کو وقت دیں!

سب سے اعلیٰ تجویز

اگر آپ کا بچہ کوئی لفظ کہے، تو اس میں مزید کوئی لفظ شامل کریں۔ مثال کے طور پر اگر آپ کا بچہ کہتا ہے "گیگ"۔ تو آپ کہیں "ہاں! لٹل ایگ! (چھوٹا سا انڈہ) یا "ہاں! ایگ از آن دا لیف!" (انڈہ پتے پر ہے) وغیرہ۔ پریشان نہ ہوں اگر آپ کا بچہ لفظ کو درست انداز میں نہ بول پائے، بس درست تلفظ کے ساتھ دوبارہ دہرائیں۔

Changing life stories

قومی خواندگی ٹرسٹ (National Literacy Trust) کے ساتھ ڈیزائن کردہ تصور پر مبنی۔ قومی خواندگی ٹرسٹ ایک رجسٹر چیئرٹی ہے جس کا نمبر 1116260 (برطانیہ اور ویلز) (England and Wales) اور SC042944 (اسکاٹ لینڈ) (Scotland) ہے۔



تخلیق کاری

کتاب *The Very Hungry Caterpillar* سے اپنے بچے کے ساتھ کوئی چیز تخلیق کریں۔ کیٹرپلرز بنائیں: انڈوں کے ڈبے استعمال کریں، پاستہ ٹیوبز میں رنگ بھریں اور انہیں تار پر دھاگے سے لگائیں۔ پلے ڈو کو استعمال کرتے ہوئے کیٹرپلرز کے لیے کھانا تیار کریں۔
تتلیاں بنائیں: آپ تتلی کا خاکہ تیار کرنے کے لیے سیرل کا ایک خالی ڈبہ استعمال کر سکتے ہیں۔

مجھے کس چیز کی ضرورت ہے؟

- مٹیریلز جیساکہ انڈوں کے ڈبے، پاستہ ٹیوبز، سیرل کے ڈبے، دھاگے، باورچی خانے کی رول ٹیوب، رنگین کاغذ، کریونز، چاکس، دودھ کا خالی کارٹن وغیرہ

آغاز کر رہے ہیں؟

- اپنے بچے کے ساتھ ان اشیاء کو تلاش کریں
- مٹیریلز کو استعمال کرنے میں تخلیق کاری کا مظاہرہ کرنے کے لیے اپنے بچے کی مدد اور اس کی حوصلہ افزائی کریں
- اپنے بچے کی کوششوں کی تعریف کریں

الفاظ کے ساتھ بہت سارا لطف اٹھانے کو یاد رکھیں! آپ تخلیق کاری کرتے ہوئے اپنے بچے کی یاداشت میں نئے الفاظ شامل کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر: تخلیق (create)، کیٹرپلر، تتلی، جوڑنا (join)، منسلک کرنا (attach)، چپکانا (stick)، دبانا (squash)، نچوڑنا (squeeze)، بیلنا (roll)، سانچے میں ڈھالنا (mould)۔

اس بارے میں بات کریں کہ آپ یا آپ کا بچہ کیا کر رہے ہیں، جیسے کہ آپ - تقریباً تبصرہ نگار کی طرح ایسا کر رہے ہوں! آسان جملوں میں بات کریں اور جواب دینے کے لیے اپنے بچے کو وقت دیں!

سب سے اعلیٰ تجویز

کھیلتے ہوئے اپنے افعال کے متعلق بات کریں۔ مثال کے طور پر: "کاٹیں، کاٹیں۔ "اسے کاٹ کر الگ کریں۔" "چپکائیں۔ اس پر چپکائیں۔ بس ہو گیا۔ بہت اچھا چپکایا ہے!"

National Literacy Trust
Changing life stories

CITY OF WOLVERHAMPTON COUNCIL
Dudley Metropolitan Borough Council
Walsall Council
Sandwell Metropolitan Borough Council

NHS Black Country Healthcare NHS Foundation Trust
NHS The Royal Wolverhampton NHS Trust
NHS Sandwell and West Birmingham NHS Trust
Walsall Healthcare NHS Trust

قومی خواندگی ٹرسٹ (National Literacy Trust) کے ساتھ ڈیزائن کردہ تصور پر مبنی۔ قومی خواندگی ٹرسٹ ایک رجسٹر چیئریٹی ہے جس کا نمبر 1116260 (برطانیہ اور ویلز) (England and Wales) اور SC042944 (اسکاٹ لینڈ) (Scotland) ہے۔



چھپن چھپائی

اپنے بچوں کے ساتھ **چھپن چھپائی** کھیلیں۔ کچھ حقیقی اشیاء خوردونوش جمع کریں یا *The Very Hungry Caterpillar* کتاب سے تصاویر کو استعمال کریں۔ باری باری انہیں کمرے میں چھپائیں۔ انہیں ڈھونڈنے، اپنے پاس لانے اور ان کا نام بتانے میں اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کریں۔
گھر کے باہر حشرات کو ڈھونڈیں۔ کون سے حشرات آپ ڈھونڈ سکتے ہیں؟

صلاحیتیں: باری لینا، چھپانا اور ڈھونڈنا

مجھے کس چیز کی ضرورت ہے؟

- کوئی ایسی چیز جس سے چھپن چھپائی کھیلا جائے مثلاً سیب، ناشپاتی، خوبانی، اسٹرابیری، کیٹرپلر یا تتلی کی تصویر
- پارک / باغیچہ جہاں حشرات کو تلاش کرنے جائیں

آغاز کر رہے ہیں؟

- چیزیں چھپائیں
- اشیاء تلاش کرنے میں اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کریں، اگر ضروری ہو تو انہیں اشارے فراہم کریں
- اپنے بچے کی کوششوں کی تعریف کریں

الفاظ کے ساتھ بہت سارا لطف اٹھانے کو یاد رکھیں! آپ کھیلتے ہوئے اپنے بچے کی یاداشت میں نئے الفاظ شامل کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر: چھپنا (hide)، ڈھونڈنا (seek)، شمار کرنا (count)، تلاش کرنا (count)، حشرات (bugs)، مکڑیاں (spider)، کیٹرپلر(caterpillar)، لیڈی برڈ (ladybird)، چیونٹی (ant) وغیرہ۔

اس بارے میں بات کریں کہ آپ یا آپ کا بچہ کیا کر رہے ہیں، جیسے کہ آپ - تقریباً تبصرہ نگار کی طرح ایسا کر رہے ہوں! آسان جملوں میں بات کریں اور جواب دینے کے لیے اپنے بچے کو وقت دیں!

سب سے اعلیٰ تجویز

اس بارے میں بات کریں کہ چیزیں کہاں ہیں۔ مثال کے طور پر: آپ میز کے نیچے تلاش کر رہے ہیں۔ کرسی کے اوپر ڈھونڈنے کی کوشش کریں۔ کیا یہ ڈبے کے اندر ہے؟ آپ نے ڈھونڈ لیا! بہت خوب! یہاں پر ہے یہ! آپ کو یہ کہاں سے ملا؟

National Literacy Trust
Changing life stories
CITY OF WOLVERHAMPTON COUNCIL
Dudley Metropolitan Borough Council
Walsall Council
Sandwell Metropolitan Borough Council
NHS Black Country Healthcare NHS Foundation Trust
NHS The Royal Wolverhampton NHS Trust
NHS Sandwell and West Birmingham NHS Trust
Walsall Healthcare NHS Trust NHS

قومی خواندگی ٹرسٹ (National Literacy Trust) کے ساتھ ڈیزائن کردہ تصور پر مبنی۔ قومی خواندگی ٹرسٹ ایک رجسٹر چیریٹی ہے جس کا نمبر 1116260 (برطانیہ اور ویلز (England and Wales) اور SC042944 (اسکاٹ لینڈ) (Scotland) ہے۔

دکھاوے کا کھیل

اپنے بچے کے **ساتھدکھاوے کا کھیل** کھیلیں۔ دکھاوے کے کھیل میں کہانی کو بنانے کے لیے بہت سارے طریقے ہیں۔ کتاب میں درج کردہ اشیاء خوردونوش اکٹھی کریں اور اپنے بچے کی پسندیدہ گڑیوں، ٹیڈیز یا سپر ہیروز کے ساتھ چائے کی دعوت کریں۔ کھیل میں مشغول ہو جائیں اور اپنے بچے کو دکھائیں کہ پلیٹ پر کیسے چیزوں کو سجانا ہے، ٹیڈی کو کیسے کھلانا ہے وغیرہ۔

مل کر خریداری کی فہرست مرتب کریں اور حقیقی چائے کی دعوت کے لیے پھل اور دیگر اشیاء خوردونوش کی خریداری کرنے جائیں۔

صلاحیتیں: تصور کرنا، دکھاوا کرنا

مجھے کس چیز کی ضرورت ہے؟

- حقیقی یا دکھاوے کی اشیاء خوردونوش
- خریداری کی فہرستوں کے لیے کاغذ/ پینز
- سپر مارکیٹ تک رسائی

آغاز کر رہے ہیں؟

- دکھاوے کے کھیل کے لیے ضرورت کا سارا سامان اکٹھا کریں
- اشیاء کے استعمال میں اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کریں اور ساتھ مل کر فہرست مرتب کریں
- اپنے بچے کی کوششوں کی تعریف کریں

الفاظ کے ساتھ بہت سارا لطف اٹھانے کو یاد رکھیں! آپ کھیلتے ہوئے اپنے بچے کی یاداشت میں نئے الفاظ شامل کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر: پینا (drinking)، پسندیدہ (favourite)، دکھاوا (pretend)، ہفتے کے دنوں کے متعلق بات کرنا (talk about days of the week)، فہرست (list)، خریداری کرنا (shopping)۔

اس بارے میں بات کریں کہ آپ یا آپ کا بچہ کیا کر رہے ہیں، جیسے کہ آپ - تقریباً تبصرہ نگار کی طرح ایسا کر رہے ہوں! آسان جملوں میں بات کریں اور جواب دینے کے لیے اپنے بچے کو وقت دیں!

سب سے اعلیٰ تجویز

بعض اوقات آپ کو اپنے بچے پر یہ ظاہر کرنے کی ضرورت ہوتی ہے کہ دکھاوے کا کھیل کیسے کھیلنا ہے - انہیں دکھائیں کہ چائے کیسے انڈیلنی ہے، کپ کو ٹیڈی کے منہ تک لے جانا وغیرہ۔ اسے پُرلطف اور دلچسپ بنانے کے لیے بہت سے اشاروں اور آوازوں کا استعمال کریں، جیسے کہ زور سے کھانے اور پینے کی آوازیں نکالنا۔ تبصرہ کرنا نہ بھولیں: "چائے انڈیلیں۔ ٹیڈی پی رہا ہے۔ شرپ شرپ!"

National Literacy Trust
Changing life stories

CITY OF WOLVERHAMPTON COUNCIL · Dudley Metropolitan Borough Council · Walsall Council · Sandwell Metropolitan Borough Council

Black Country Healthcare NHS Foundation Trust · The Royal Wolverhampton NHS Trust · Sandwell and West Birmingham NHS Trust · Walsall Healthcare NHS Trust

قومی خواندگی ٹرسٹ (National Literacy Trust) کے ساتھ ڈیزائن کردہ تصور پر مبنی۔ قومی خواندگی ٹرسٹ ایک رجسٹر چیریٹی ہے جس کا نمبر 1116260 (برطانیہ اور ویلز) (England and Wales) اور SC042944 (اسکاٹ لینڈ) (Scotland) ہے۔

پوسٹ کریں

اپنے بچے کے ساتھ پوسٹ کرنا کھیلیں۔ کیٹرپلر پوسٹ باکس بنائیں۔ یہ منہ کے لیے ایک سوراخ کو کاٹنے کے ساتھ کیٹرپلر کا ایک بہت بڑا گول سا چہرہ ہو سکتا ہے۔ یا آپ ایک پرانا جوتے کا ڈبہ استعمال کر سکتے ہیں۔ کھانے کی تصاویر کو الٹا کر کے رکھیں۔ باری باری ایک تصویر کو اٹھائیں اور اس کا نام لیں۔ پھر اسے پوسٹ کریں/کیٹرپلر کو کھلائیں۔

مجھے کس چیز کی ضرورت ہے؟

- کوئی ایسی چیز جس پر کھانے کی تصاویر ہوں (آپ انہیں میگزین سے کاٹ سکتے ہیں یا خود سے ان کی خاکہ نگاری کر سکتے ہیں)
- کارڈبورڈ، جوتے کا ڈبہ

آغاز کر رہے ہیں؟

- پوسٹ باکس اور تصاویر ترتیب دیں
- اپنے بچے کی یہ کہنے میں حوصلہ افزائی کریں کہ یہ کس کی تصاویر ہیں
- اپنے بچے کی کوششوں کی تعریف کریں

الفاظ کے ساتھ بہت سارا لطف اٹھانے کو یاد رکھیں! آپ کھیلتے ہوئے اپنے بچے کی یاداشت میں نئے الفاظ شامل کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر: پوسٹ کریں (post)، کیٹرپلر، تتلی۔

اس بارے میں بات کریں کہ آپ یا آپ کا بچہ کیا کر رہے ہیں، جیسے کہ آپ - تقریباً تبصرہ نگار کی طرح ایسا کر رہے ہوں! آسان جملوں میں بات کریں اور جواب دینے کے لیے اپنے بچے کو وقت دیں!

سب سے اعلیٰ تجویز

بہت چھوٹے بچوں کے ساتھ ہو سکتا ہے کہ آپ کو تصاویر کو پکڑنا پڑے۔ اپنے بچے کو ہر تصویر دکھائیں اور جب وہ اس کو پکڑے تو آپ کہیں "یہ ... ہے" یہ دیکھنے کے لیے وقفہ لیں کہ آیا وہ اس کا نام بتا سکتے ہیں۔ اگر نہیں، تو ان کو نام بتائیں، پھر تصویر انہیں دے دیں تاکہ وہ اسے پوسٹ کر سکیں۔ اگر وہ لفظ کو درست تلفظ سے ادا نہ کر پائیں - تو بس لفظ کو دہرائیں مثلاً بچہ کہتا ہے "ٹیٹ" اور آپ کہیں "ہاں! کیک!"

Changing life stories

قومی خواندگی ٹرسٹ (National Literacy Trust) کے ساتھ ڈیزائن کردہ تصور پر مبنی۔ قومی خواندگی ٹرسٹ ایک رجسٹر چیئرٹی ہے جس کا نمبر 1116260 (برطانیہ اور ویلز) (England and Wales) اور SC042944 (اسکاٹ لینڈ) (Scotland) ہے۔



حشرات کا ہوٹل تعمیر کریں

اپنے گھر اور بیرونی حصے سے اکٹھا کی جانے والی اشیاء سے حشرات کا ہوٹل تعمیر کرنے کے ذریعے حشرات اور قدرت کے متعلق مزید جاننا جاری رکھیں۔ اپنے بچے کے ساتھ قدرت کو کھوجنے اور کتاب کے متعلق بات کرنے اور ان کی سیکھنے کی صلاحیت میں اضافہ کرنے سے لطف اٹھائیں۔

صلاحیتیں: تصور کرنا، بنانا، سیکھنا

مجھے کس چیز کی ضرورت ہے؟

- صاف اور خالی پلاسٹک کی بوتلیں (2 لیٹر کی بوتلیں بہترین انداز میں کام کرتی ہیں)
- تیز دھار قینچی
- گلو - سپر گلو، PVA گلو یا گلو گن/ اسٹیپلر
- تار/رسی
- ہول پنچ
- ہوٹل کے کمرے بنانے اور ہوٹل کے 'کمروں' کو بھرنے کے لیے اشیاء جیسے درخت کے تنے، پائن کونز، پتے، پتھر، خول، لمبی سے ستلی، پرانا پہیہ، لولی اسٹکس

آغاز کر رہے ہیں؟

- جن چیزوں کی آپ کو ضرورت ہے انہیں ایک بیگ میں اکٹھا کریں اور اپنا حشرات کا ہوٹل تعمیر کرنے کے لیے باغیچے میں ایک موزوں جگہ تلاش کریں
- خالی پلاسٹک کی بوتلوں کا اوپر والا آدھا حصہ کاٹیں اور پلاسٹک کی بوتلوں کو اسٹیپل/ گلو سے جوڑ لیں
- اپنے بچے کو یہ فیصلہ کرنے میں رہنمائی کرنے دیں کہ ہر کمرے میں کون سے قدرتی مٹیریلز رکھنے ہیں
- آپ کا بچہ جو اشیاء منتخب کرتا ہے ان پر لیبل لگائیں اور وہ جو کچھ کر رہے ہیں اس پر ان کی خصوصی طور پر تعریف کریں مثلاً "مجھے آپ کا یہ طریقہ بہت پسند آیا کہ آپ نے پہلے اپنی بہن کو جانے دیا، یہ بہت دوستانہ طرزِ عمل تھا"
- بوتل کے ایک جانب ہول پنچ کریں اور اس میں سے کچھ تار گزاریں، اسے اپنے باغیچے میں کسی جگہ پر لٹکا دیں اور ان حشرات پر نظر رکھیں جو اس کے اندر جاتے ہیں
- اپنے بچے کی کوششوں کی تعریف کریں

الفاظ کے ساتھ بہت سارا لطف اٹھانے کو یاد رکھیں! آپ اپنے حشرات کے ہوٹل کے متعلق بات کرتے ہوئے اپنے بچے کی یاداشت میں نئے الفاظ شامل کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر: اگر آپ کا بچہ کہتا ہے 'شیل' (خول)، تو آپ کہیں 'اسمال شیل' (چھوٹا خول)۔

اس بارے میں بات کریں کہ آپ یا آپ کا بچہ کیا کر رہے ہیں، جیسے کہ آپ - تقریباً تبصرہ نگار کی طرح ایسا کر رہے ہوں! آسان جملوں میں بات کریں اور جواب دینے کے لیے اپنے بچے کو وقت دیں! مثال کے طور پر: آپ کہہ سکتے ہیں 'لیڈی برڈز یہاں رہنے کی خواہشمند ہو سکتی ہیں'۔

سب سے اعلیٰ تجویز

حشرات کا ہوٹل قدرت کو کھوجنے کے لیے آپ اور آپ کے بچے کا باہر جانے کا ایک طریقہ ہے۔ یہ خطرے سے پاک انداز میں چھوٹے حشرات کے گرد ان کے اعتماد کو فروغ دینے میں مدد دیتا ہے۔ اس سرگرمی سے بہت سے صلاحیتیں سیکھی جا سکتی ہیں جن کی حد تلاش کرنے سے تخلیقی فنِ تعمیر کے ساتھ ساتھ زبان کی صلاحیتوں تک پھیلی ہوئی ہے۔

National Literacy Trust
Changing life stories

CITY OF WOLVERHAMPTON COUNCIL | Dudley Metropolitan Borough Council | Walsall Council | Sandwell Metropolitan Borough Council

NHS Black Country Healthcare NHS Foundation Trust | NHS The Royal Wolverhampton NHS Trust | NHS Sandwell and West Birmingham NHS Trust | Walsall Healthcare NHS Trust

قومی خواندگی ٹرسٹ (National Literacy Trust) کے ساتھ ڈیزائن کردہ تصور پر مبنی۔ قومی خواندگی ٹرسٹ ایک رجسٹر چیئریٹی ہے جس کا نمبر 1116260 (برطانیہ اور ویلز) (England and Wales) اور SC042944 (اسکاٹ لینڈ) (Scotland) ہے۔